رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال اول　　پرچہ: پہلا　　مضمون: التفسیر

تاریخ: 12-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____　　دستخط نگران مرکز امتحان: _____　　دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اگر آپ سچے نبی ہیں تو حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کی طرح ہماری طرف ایک مرتبہ کتاب آسمان سے لے آئیں، یہ قول تھا۔

(الف) طاؤس اور اس کے اصحاب کا　　(ب) ابو جہل اور اس کے ساتھی کا

(ج) ضحاص اور اس کے ساتھی کا　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: ﴿اَنْ تُنَزِّلَ﴾ یہ تخفیف کے ساتھ پڑھا گیا ہے کس کی قراءت میں؟

(الف) نحاس　　(ب) ابو علی　　(ج) مکی　　(د) حمزہ

سوال نمبر 3: ﴿مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ﴾ میں کل معجزات کی تعداد ہے۔

(الف) 10　　(ب) 15　　(ج) 9　　(د) 20

سوال نمبر 4: ﴿فَبِمَا نَقْضِهِمْ﴾ میں "مَا" ہے۔

(الف) زائدہ　　(ب) موصولہ　　(ج) نافیہ　　(د) مصدریہ

سوال نمبر 5: "اَلْاَسْبَاطِ" سے مراد ہے۔

(الف) قبیلے　　(ب) نسب والے　　(ج) اولاد اسحاق　　(د) اولاد یعقوب

سوال نمبر 6: انبیاء کرام میں رسولوں کی تعداد ہیں۔

(الف) 602　　(ب) 580　　(ج) 313　　(د) 1200

سوال نمبر 7: ﴿اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ﴾ میں "خَالِدِيْنَ" ترکیب کلام میں واقع ہے۔

(الف) بدل　　(ب) حال　　(ج) مفعول مطلق　　(د) مفعول معہ

سوال نمبر 8: ﴿اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ﴾ میں "اللّٰهُ" ہے۔

(الف) مشبہ بالفعل کا اسم　　(ب) مشبہ بالفعل کی خبر　　(ج) مبتدا　　(د) خبر

سوال نمبر 9: قرآن پاک کو ﴿نُوْرًا مُّبِيْنًا﴾ کیوں کہا گیا ہے؟

(الف) اس سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے　　(ب) سابقہ کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے

(ج) وہ ایک زندہ معجزہ ہے　　(د) اس سے حیرت کے اندھیروں میں روشنی حاصل کی جاتی ہے

سوال نمبر 10: حضور (ﷺ) سے کس صحابی نے اپنے کلالہ ہونے کے بارے میں عرض کی تھی؟

(الف) حضرت ابن عباس　　(ب) حضرت جابر بن عبداللہ　　(ج) حضرت ابوہریرہ　　(د) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 11: ﴿بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ﴾ میں اضافت ۔۔۔ ہے۔

(الف) مِنّية　　(ب) لامية　　(ج) بيانية　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: ﴿اَلْمُتَرَدِّيَةُ﴾ سے کیا مراد ہے؟

(الف) جو گر کر مر جائے　　(ب) جس کو گلا گھونٹ کر مارا گیا

(ج) جس کو بغیر دھاری والے ہتھیار سے مارا گیا　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13:﴿اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ میں "اَلْيَوْمَ" کا معنی ہے۔

(الف)آج (ب)هَاهُنَا (ج)الآن (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14:"جَوَارِح" سے مراد ہے۔

(الف)شکار (ب)مردار (ج)شکاری جانور (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15:﴿رَضِيْتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِيْنًا﴾ میں "دِيْنًا" ہے۔

(الف)مفعول بہ (ب)تمییز (ج)حال (د)مفعول مطلق

سوال نمبر16:جب ابتدائے اسلام میں وضو کو لازم قرار دیا گیا تو ہر نماز کے لیے وضو تھا۔

(الف)سنت (ب)جائز (ج)مستحب (د)واجب

سوال نمبر17:امام شافعی (رحمۃاللہ علیہ) نے سر کے مسح میں کتنی مقدار واجب کی ہے؟

(الف)پورا سر (ب)چوتھائی سر (ج)آدھا سر (د)جس پر اسم مسح کا اطلاق ہو

سوال نمبر18:﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ "وَعَدَ" فعل کتنے مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے؟

(الف)بیک مفعول (ب)بدو مفعول (ج)سہ مفعول (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19:اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل میں سے کتنے نقیب مقرر کیے؟

(الف)6 (ب)2 (ج)8 (د)12

سوال نمبر20:بنی اسرائیل فرعون کی ہلاکت کے بعد ٹھہرے۔

(الف)شام میں (ب)مصر میں (ج)مکہ میں (د)مدینہ میں

سوال نمبر21:اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کو ہر قبیلے سے کتنے نقیب لینے کا حکم دیا؟

(الف)دو (ب)تین (ج)ایک (د)چار

سوال نمبر22:جب عیسائیوں نے کہا کہ ہم اللہ کے مددگار ہیں تو وہ کتنے فرقوں میں بٹ گئے؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر23:اللہ تعالیٰ نے بغیر مرد و عورت کے پیدا فرمایا۔

(الف)حضرت آدم علیہ السلام کو (ب)حضرت موسیٰ علیہ السلام کو (ج)حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو (د)حضرت داؤد علیہ السلام کو

سوال نمبر24:اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے ہاتھ پر پیدا فرمایا۔

(الف)پرندہ (ب)بچہ (ج)پھل (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25:بنی اسرائیل دن بھر میں کتنے فرسخ طے کرتے تھے؟

(الف)60 (ب)6 (ج)8 (د)12